**قاضی عبدالمجید عابد** : اشتہارات کے متعلق ہماری طرف سے کوئی ہدایات نہیں ہیں اور نہ ہی حکومت نے کوئی ایسا قدم اٹھایا ہے۔ البتہ یہ ہے کہ اشتہارات کسی اخبار کا استحقاق نہیں ہوتا یہ پالیسی ساری دنیا میں چلتی ہے اور یہاں تو یہ سلسلہ بالخصوص رہا ہے۔ جیسے انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ حکومت تو committed ہے آزادی صحافت کے لئے' لیکن آزادی صحافت بھی وہ جو اس آئین میں دی گئی ہے آزادی صحافت وہ نہیں کہ جس سے ملک کے وجود کو خطرہ پیدا ہو یا ملک کے مفادات پر ایسی کاری ضرب لگے جس کی اس وقت' میں تفصیلات میں جانا نہیں چاہتا۔ میں یہیں تک گزارش کروں گا کہ یہ گورنمنٹ' محمد خان جونیجو صاحب کی' یہ حکومت

[Qazi Abdul Majid Abid]

پہلے بھی آزادئ صحافت کی قائل تھی اور اس پر پورا اس کا یقین تھا اور اب بھی ہماری پالیسی یہی ہے یہ تو "مسلم" کے ایسے مہربان دوست نکلے ہیں جو از خود ان کے کیس کو Prejudice کر رہے ہیں۔ میں ان سے عرض کروں گا کہ آپ چھوڑیئے یہ ہمارے درمیان ایسا کوئی معاملہ ہو گا۔ میری خود ان کے مالکان سے دوستی بھی ہے اور ایڈیٹروں سے بھی دوستی ہے ہم آپس میں بیٹھ کر جو بات ہوگی وہ کر لیں گے لیکن یہ اس طرح سے جو agitation as campaign بہانہ بنا کر کہ "مسلم" کے اشہارات بند کر دیئے گئے' میں سر آپ کو کاپیاں دکھا سکتا ہوں کہ استعفیٰ کے بعد بھی اس اخبار کو تمام جو حکومت کے اداروں کی طرف سے اشتہارات ملے ہیں' ملتے رہے ہیں۔ لیکن کبھی یہ کم بھی ہوتے ہیں۔ یہ اشتہارات کا دستور ہے جب زیادہ ہوتے ہیں تو زیادہ ملتے ہیں جب اشتہارات ہی کم ہوتے ہیں یعنی کوئی ایسا فیز بھی آتا ہے جس میں اخباروں کے اشتہارات کم بھی ہو جاتے ہیں۔ تو خواہ مخواہ ان کے کیس کو campaign نہ کریں ہم مسلسل کئی دنوں سے یہ Prejudice دیکھ رہے ہیں یہ ان کے حق میں نہیں جائیگی اور اس سے میں کوئی threat نہیں کر رہا ہوں لیکن ہمارے لئے کوئی ایسے اسباب نہ پیدا کئے جائیں جس سے خواہ مخواہ ہمارے اور "مسلم" کے درمیان کوئی غلط فہمی پیدا ہو۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب جاوید جبار صاحب۔

**Mr. Javed Jabbar:** Mr. Chairman, I would have taken recourse to a point of order because Mr. Chairman, I have a great deal of respect for Kazi Sahib. He is a senior and distinguished journalist but as a Minister for Information, surely when he makes a statement on the floor of the House that no discrimination has been practised against this newspaper, I hope he has taken extra care to assess the accuracy of the information fed to him. For example, Sir, I will cite to you a case where the Press Information Department has struck off the name of this particular newspaper in connection with the forthcoming supplement, whereas by tradition in the past years whenever the other newspaper, also on the same list which is a government controlled newspaper, has been allotted a supplement this newspaper has also been allotted a supplement. Also, Sir, in the case of State Cement Corporation, in the case of the Ghee Corporation of Pakistan advertisements of which have appeared in all similarly classified and categorised newspapers in the past ten days, 'The Muslim' is the only major newspaper that has been excluded.

Point No. 2, Sir, and I will not take too much of your time, I take exception to the aproach that the honourable Minister has suggested by implying that if an issue of principle is raised in this House, it is going to adversely or otherwise affect the relationship of the government with the newspaper. I take very strong exception to this because freedom of speech is public property and I am not influenced by the proprietor of 'The Muslim' or the proprietor of the Federal Ministry of Information. I will raise the issue in the public interest and it is up to the government to establish a constructive relationship with the media. It already controls so much of the print media. So, I take exception to the implication that one should not raise an issue only because it may affect the relationship of the government with this newspaper or that newspaper.

جناب چیئرمین: مولانا صاحب! آپ کچھ فرمانا چاہیں گے؟ بہت ہی مختصر۔

مولانا کوثر نیازی: جی بہت ہی مختصر عرض کروں گا۔ قاضی صاحب کے احترام کے باوجود یہ کہوں گا کہ ممکن ہے ان کے نالج میں ساری صورت حال نہ ہو۔ افسران بالا' وزیر سے بھی اوپر ہوتے ہیں۔ ممکن ہے ان افسران بالا نے ایسا کوئی اقدام کر ڈالا ہو۔ مجھے امید ہے وہ اس کی تحقیق کریں گے اور ایسی کارروائی کریں گے جس سے صورت حال کا تدارک ہو۔ بہر حال ہم نے اپنے دلائل آپ کی خدمت میں پیش کر دیئے ہیں آپ اپنی طبع موزوں اپنی قابلیت اور صلاحیت کے لحاظ سے خود اس کا فیصلہ فرمائیں۔

جناب چیئرمین: طارق صاحب' آپ کچھ اور بھی کہنا چاہیں گے؟

جناب محمد طارق چوہدری: جی۔ جناب عالی! ہمارے وزیر اطلاعات خود بھی ایڈیٹر ہیں اور انہوں نے ابھی اپنے آخری فقرے میں جو خفی دھمکی دی ہے اس خفی دھمکی پر عمل پہلے سے ہو رہا ہے۔ ہاں' البتہ انہوں نے یہ کہا کہ اخبار کے اشتہارات پر کوئی پابندی نہیں لگائی گئی۔ اس سے میرا یہ خیال ہے کہ جس طرح مولانا نے یہ فرمایا ہے' ابھی تھوڑی دیر پہلے جناب وزیر داخلہ بھی اس بات کا اعتراف کر چکے ہیں' سنسر والے قصے میں' کہ ان کے بھی علم میں نہیں ہے۔ یعنی سنسر ہو رہا ہے' یہ ان کے علم میں نہیں ہے۔ اسی طرح اشتہارات بند ہیں' ان کے علم میں نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سول حکومت آجانے کے باوجود ابھی کوئی اور ایجنسی ہے جس کے پاس حقیقی اختیارات ہیں تو پھر ہمیں اس سے رجوع کرنا چاہئے۔

**Mr. Chairman:** We are on the question of admissibility of the three motions moved by Mr. Javed Jabbar, Maulana Kausar Niazi Sahib and Muhammad Tariq Chaudhry Sahib. Whether it is correct or it is not correct that any restriction has been imposed on the issuance of advertisements to 'Muslim', that is not the issue. The issue is whether, assuming that such restrictions have been placed, it hurts the privilege of this House because that alone can be a question which is admissible under rule 57 of the Rules of procedure and conduct of Business in the Senate.

To my way of looking at things the impugned action does not in any way impinge upon the independence, sovereignty, dignity or status of this House nor has it any nexus with the working of the House or is in any way connected with or arises out of the functions or duties of the three honourable members who have raised this particular issue. One point which has been stressed and I think this is specifically mentioned in Mr. Javed Jabbar's motion that it has hurt the credibility of Parliament (and he gives the reason) because the Parliament is charged with the duty to protect and preserve the fundamental rights.

It is correct that the Constitution does enshrine fundamental rights under its Article 19 but that right also, as I have stated on a previous occasion, is subject to law and subject to several other conditions as follows :

> "subject to any reasonable restrictions imposed by law in the interest of the glory of Islam or the integrity, security, or defence of Pakistan or any part thereof, friendly relations with foreign states, public order, decency or morality, or in relation to contempt of court............" etc.

I am not going into the point whether the government has acted in accordance with a particular law or not. Here we are only concerned with the point whether the action-right or wrong which the government is alleged to have taken, has in any way violated the fundamental rights and if it has what then is the remedy available. Does the remedy lie with this House or it lies somewhere else. Mr. Hasan A. Shaikh pointed it out and I would also refer you to Article 199 (c) of the Constitution which entrusts this particular duty of the protection of fundamental

rights not as Mr. Javed Jabbar has said to the Senate or to the Parliament but to the courts. I will read that out. It says :

> 199 (c) " on the application of any aggrieved person, make an order giving such directions to any person or authority, including any Government exercising any power or performing any function in, or in relation to, any territory within the jurisdiction of that court as may be appropriate for the enforcement of any of the fundamental rights conferred by Chapter 1 of Part II."

So, it is not actually a matter in which the Senate can intervene. It is not something for the Senate to determine and to adjudicate upon. It is a matter entirely for the courts and if somebody is aggrieved by the impugned order, he can take it to the court under Article 199 (c) of the Constitution.

It was only recently—I think, it was in the last session—that I had to give a ruling on this very point on a matter like which arose in some other connection. This, ruling is before me. I had said that :

> "the constitutionality and legality of a government action taken ostensibly under some law-good, bad or indifferent, cannot be questioned, agitated, discussed, construed or determined in the forum of the Senate because this constitutes the prerogative of the judiciary under the Constitution and as a legislative body we cannot interfere with their jurisdiction as they have no right to interfere with our jurisdiction as far as it relates to matters which arise within the House itself".

So, for these reasons I have to rule it out of order and it is ruled out.

Now we take up adjournment motions but before that....

ایک سوال تصفیہ طلب ہے۔ آج ہم نے 'وہ ایڈجرنمنٹ موشن جو پچھلے سیشن میں ایڈمٹ کی تھی اس پر ایک ڈیبیٹ بھی کرنی ہے۔ میرے خیال میں آٹھ بجے ہم اس پر ڈیبیٹ شروع

[Mr. Chairman]

کردیں رول ۴۳ کے مطابق دو گھنٹے سے زیادہ تو نہیں لیکن دو گھنٹے تک اگر وہ ڈیبیٹ ہو تو اس کی اجازت ہم دے سکتے ہیں۔ تو آٹھ بجے وہ شروع ہو گی اب آپ یہ فیصلہ کر لیں کہ یہ باقی ایڈجرنمنٹ موشنز ہم لے لیں یا آپ وہ ڈیبیٹ شروع کرنا چاہتے ہیں۔ یا آدھ گھنٹہ جو رہتا ہے تو اس میں آٹھ بجے سے پہلے ' ہمارے ایجنڈے پر قانون سازی کا جو کام ہے وہ کرنا ہے۔ اس کا فیصلہ کریں۔

قاضی حسین احمد: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: جی فرمایئے۔

قاضی حسین احمد: میں نے ایک تحریک التوا دی ہے۔

جناب چیئرمین: میرے پاس نہیں پہنچی۔

قاضی حسین احمد: میں نے خود دی ہے۔ میں نے اس پر دستخط کئے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ نے دی ہے لیکن مجھ تک ابھی نہیں پہنچی۔ اس کو جب دیکھ لیں گے تو پھر وہ یہاں پر آئے گی۔

قاضی حسین احمد: تحریک التوا ' جناب چیئرمین! میں نے دی ہے۔

جناب چیئرمین: آپ نے ضرور دی ہو گی لیکن اس کو ایگزامن کرنا پڑتا ہے۔ اگر آپ رول ۷۵ کو پڑھیں تو

"You can raise a question only with the permission of the Chair and you have to give the Chair at least an opportunity to read what the motion syas."

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! رولز میں صرف دو گھنٹے کا ذکر ہے کہ دو گھنٹے پہلے دینی چاہئے۔ میں نے آج صبح دی ہے۔

جناب چیئرمین: یہی تو میں عرض کر رہا ہوں کہ وہ ضائع نہیں جاتی وہ کل لے لی جائے گی ' پرسوں لے لی جائے گی۔

قاضی حسین احمد: اگر آپ اس کو نہ لینا چاہیں تو مجھے بتا دیں۔

جناب چیئرمین: میں نے دیکھی ہی نہیں ہے۔

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! جب میں نے دی ہے تو آپ کو دیکھنی چاہئے تھی۔

یہ آپ کے سیکرٹریٹ کا کام ہے کہ آپ کو دیکھنے کے لئے بروقت دے دیں۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں اس کا نوٹس وقت پر دینا چاہئے۔ ٹھیک ہے آپ نے دیا ہے لیکن جب مجھ تک نہیں پہنچی تو میں اس میں کیا کروں؟

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! اس کا علاج تو آپ کو سوچنا چاہئے۔ اگر ہم بروقت دے دیتے ہیں اور آپ تک نہیں پہنچتی تو ہم اس کا کیا علاج کریں؟ آپ ہی کو علاج کرنا چاہئے۔

جناب چیئرمین: یہ معاملہ آج arise ہوا ہے یا اس سے پہلے؟

قاضی حسین احمد: جی؟

جناب چیئرمین: یہ پریولج موشن، جسے میں نے پڑھا ہی نہیں کہ مضمون کیا ہے، لیکن یہ آج کا واقعہ ہے یا اس سے پہلے کا واقعہ ہے؟

قاضی حسین احمد: آپ کچھ فرما دیجئے یا اس پر رولنگ دے دیجئے، ہمیں منظور ہے۔

جناب چیئرمین: مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ یہ پریولج موشن اسی سلسلے میں ہے کہ حکومت نے یا پرائم منسٹر نے ایک کمیٹی بنائی تھی جو مارشل لاء کے کیسز کا ریویو کرنا چاہتی تھی۔ وہ تو میں نے پہلے ہی ایڈمٹ کی ہوئی ہے۔

قاضی حسین احمد: اس کے بارے میں نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: پھر قاضی صاحب مجھے اتنی اجازت دیں کہ میں اسے فرصت کے وقت دیکھ لوں پھر جو بھی ہوگا آپ کو بتا دیں گے۔ جی مولانا کوثر نیازی صاحب۔ تحریک التوا نمبر ۱۔

---

## ADJOURNMENT MOTIONS

### (i) *RE*: EVICTION OF UN-AUTHORISED ACCUPANTS FROM THE GOVERNMENT HOUSES IN G/10-3 AND G/9-2, ISLAMABAD

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! میری تحریک کا متن یہ ہے:

میں تحریک کرتا ہوں کہ سینٹ کی معمول کی کارروائی روک کر درج ذیل فوری نوعیت اور اہم واقعہ کو زیر بحث لایا جائے۔

اسلام آباد میں سرکاری ملازمین کی اکثریت گورنمنٹ کے کوارٹروں میں رہائش پذیر

[Maulana Kausar Niazi]

ہے۔ حال ہی میں اسٹیٹ آفس کے ملازمین اسلام آباد کے مختلف سیکٹروں ' خاص کر سیکٹر جی نائن اور جی ٹن میں کوارٹروں کی چیکنگ کر رہے تھے ' اس چیکنگ کے دوران انہوں نے مختلف سرکاری ملازمین کے مکانوں کی الاٹمنٹس کو کینسل کرنے کے نوٹس بھی جاری کئے ہیں اور ابھی مزید الاٹمنٹس کو کینسل کرنے کے نوٹس بھی جاری کر رہے ہیں۔ حالانکہ تمام سرکاری ملازمین اپنے متعلقہ کوارٹروں میں خود ہی رہائش پذیر ہیں جب کہ ان کی انکوائریاں وغیرہ ان کے دفتری اوقات میں کی جاتی ہیں۔ اسٹیٹ آفس کے اس اقدام سے تمام چھوٹے سرکاری ' خاص کر سیکٹر جی ۹ اور جی ۱۰ کے باشندوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ جس سے وہ سرکاری کام بھی ٹھیک طور پر انجام نہیں دے سکتے۔ لہٰذا میں تحریک کرتا ہوں کہ اس اہم مسئلے پر بحث کی جائے۔

**Mr. Chairman:** Is it being opposed ?

جناب محمد حنیف طیب: جی ہاں۔

جناب چیئرمین : مولانا صاحب ' اگر آپ مزید وضاحت فرمانا چاہیں تو فرمائیں۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا ! آپ کو شیخ سعدی کا وہ مصرعہ تو یاد ہے کہ

"مزدور خوش دل کند کار بیش"

یہ چھوٹے سرکاری غریب ملازمین ' جب اپنے دفتروں میں ہوتے ہیں اس وقت ان کی غیر حاضری میں ان کے گھروں کی جانچ پڑتال ہوتی ہے اور وہاں صورت حال بسا اوقات کیا ہوتی ہے ' میں آپ کو اس کی ایک مثال دوں کہ ایک سرکاری ملازم نے اپنے ڈپٹی سیکرٹری/او ایس ڈی کو درخواست دی جس پر اس نے باقاعدہ مہر کے ساتھ لکھا ہے کہ

"The facts stated in the aplication are correct".

اس نے اپنی درخواست میں جو لکھا ہوا تھا وہ یہ تھا کہ میں دفتر سے چھٹی لیکر اپنے گھر گیا ہوا تھا اور اپنے بھائی کے لڑکے کو اپنے کوارٹر کی حفاظت کے لئے چھوڑ گیا تھا تاکہ چوری وغیرہ کا خدشہ نہ رہے لیکن جب جانچ پڑتال کرنے والے آئے اور انہوں نے دیکھا کہ خود سرکاری ملازم موجود نہیں ہے تو انہوں نے کینسیلیشن کے آرڈر جاری کر دئے جناب چیئرمین ! اسی طرح اور میرے پاس بہت سارے کیسز ہیں جن میں اسی نوعیت کے جابرانہ اقدامات کئے گئے ہیں۔ اس کی وجہ سے سرکاری ملازمین کا سکون قلب تباہ ہو گیا ہے اور وہ اپنے فرائض ٹھیک طرح سے انجام نہیں دے پا رہے ہیں۔

میں حاجی صاحب سے ' جو ماشاء اللہ بہت نیک دل انسان ہیں ' کہوں گا کہ وہ ازراہ کرم

خصوصی طور پر یہ آرڈر جاری کریں کہ ایسے تمام کوارٹروں کو جنہیں کینسل کیا گیا ہے انہیں فی الوقت بحال کر دیا جائے اور وہ خود اس معاملہ کی انکوائری کریں اور آئندہ یہ احکام جاری کریں کہ سرکاری ملازمین کی غیر حاضری میں ان کے گھروں کی جانچ پڑتال نہ کی جائے، بلکہ سرکاری دفتروں کے اوقات کے بعد وہ جا کر دیکھیں کہ واقعی ان کوارٹروں میں سرکاری ملازمین رہائش پذیر ہیں یا نہیں۔

جناب چیئرمین : جناب حنیف طیب صاحب۔

جناب محمد حنیف طیب : جناب والا ! ۵ اور ۷ جنوری ۱۹۸۷ء کو ایک ڈیٹیلڈ سروے، سیکٹر جی ۱۰ اور آئی ۸ اور آئی ۹ کا کیا گیا تھا۔ ان کوارٹروں کے متعلق یہ شکایت پائی گئی تھی کہ ان میں کچھ کوارٹروں کو جزوی یا کلی طور پر sub-let کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں خاص توجہ طلب بات یہ ہے کہ جو عملہ وہاں سروے کرنے گیا تھا وہ کوئی نچلی سطح کا عملہ نہیں تھا، اس عملہ میں ایک ڈپٹی سیکرٹری بھی شامل تھا اور اس کے علاوہ ۱۸ گریڈ کا ایک اور افسر بھی شامل تھا۔ اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ کتنے مہذب طریقے سے صرف صحیح صورت حال معلوم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

جناب والا ! میں یہ بات بھی اطلاعاً عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ کسی کے کوارٹر کو کینسل نہیں کیا گیا۔ اصل میں پہلے ان کو ایک شوکاز نوٹس serve کیا گیا ہے۔ یہ ان لوگوں کو نوٹس جاری کیا گیا ہے جن کے بارے میں یہ معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے کوارٹرز کلی یا جزوی طور پر sublet کیئے ہیں۔ اس شوکاز نوٹس کے جوابات آئے ہیں۔ اب ان جوابات کو کنسیڈر کیا جائے گا اور میں اس ایوان کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ایسے سرکاری ملازمین کو جن کے بارے میں شکایات پائی گئی ہیں، اس بات کا پورا پورا موقع دیا جائے گا کہ وہ اپنے خلاف لگائے گئے الزام کے ثبوت میں شواہد پیش کریں۔ جس طرح سے بھی وہ ڈی فنڈ کرنا چاہتے ہیں، وہ کریں۔ کسی کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں کی جائے گی اور اگر کوئی خصوصی واقعہ ہمارے علم میں لایا جائے کہ فلاں گھر میں زیادتی کی گئی تھی تو اس زیادتی کے خلاف ہم کارروائی کرنے کے لئے بھی تیار ہیں۔ ہم نے عملے کو پہلے ہی تلقین کر دی تھی کہ یہ بھی سرکاری ملازمین ہیں اور آپ بھی سرکاری ملازمین ہیں، ان کا خیال رکھا جائے۔ لیکن جہاں تک شکایات کا تعلق ہے،

[Mr. Muhammad Hanif Tayyab]

یہ ضرور دس فیصد پائی گئی تھی۔ اس کے متعلق انکوائری ہو رہی ہے۔ متاثرین سے جوابات موصول ہو رہے ہیں۔ ان جوابات کو دیکھا جا رہا ہے۔ میں فاضل رکن کو یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ انشاء اللہ تمام افراد کو اپنی صفائی پیش کرنے کا پورا موقع دیا جائے گا اور کسی کے خلاف کسی قسم کی کوئی زیادتی نہیں ہوگی۔

آئندہ سے دفتری اوقات کے بعد چیکنگ کے معاملے کا میں خود جائزہ لوں گا کیونکہ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ پورا دن دفتر میں کام کرنے کے بعد تھک کر ہم گھر پہنچے ہیں اور اب یہ سروے کرنے آگئے ہیں، یا یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ سارا دن دفتر میں کام کرنے کے بعد بازار گئے تھے اور اس عرصہ میں یہ انکوائری کرنے آگئے تھے۔ اس لئے اس بات کا کتنا امکان ہے کہ آئند دفتری اوقات کے بعد ہم کب سروے کیا کریں اس معاملے کے متعلق میں فاضل رکن کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم پوری سنجیدگی کے ساتھ اس کا جائزہ لیں گے۔ اس سلسلے میں کسی قسم کی کوئی زیادتی کسی کے خلاف انشاء اللہ نہیں ہوگی۔

جناب چیئرمین: اس یقین دہانی کی روشنی میں مولانا صاحب، کیا آپ اپنی موشن پر اصرار کریں گے؟

مولانا کوثر نیازی: میں عرض کروں گا کہ جو فاضل وزیر صاحب نے کہا کہ ڈپٹی سیکرٹری لیول کے لوگ چیکنگ کے لئے گئے تھے، میں یہ کہتا ہوں کہ یہی تو ظلم ہوا۔ اگر شاید ان ملازمین کی کلاس کے لوگ جاتے تو شاید وہ ان کی حالت کا احساس کر لیتے۔ بڑے سرکاری ملازمین چھوٹے ملازمین کے درد کو کیا سمجھیں گے۔ بہر حال چونکہ وہ خود محنت کش طبقہ کے درد کو جانتے ہیں۔ میں خود ان کی خدمت میں بہت سارے کیسز پیش کروں گا۔ مجھے امید ہے کہ وہ ان پر بھی توجہ دیں گے جن کے ساتھ نا انصافی ہوئی ہے اور یہ میرا فرض تھا کہ میں اسلام آباد کے نمائندہ کی حیثیت سے یہ کیس یہاں پیش کروں۔ بہر حال ان کی یقین دہانی کے بعد، میں اس مسئلے پر زور نہیں دیتا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب ............

جناب چیئرمین: ناٹ پریسڈ، جناب میرداد خیل صاحب، آپ اس مسئلہ پر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جی ہاں جناب۔

جناب چیئرمین : یہ مسئلہ تو اب ختم ہو چکا ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل اسی پر تو میں بات کرنا چاہتا تھا۔

جناب چیئرمین اس مسئلہ پر نہیں۔ اگلی تحریک التوا نمبر ۲ مولانا کوثر نیازی۔

(ii) *RE* : POSTERS PASTED ON THE WALLS IN ISLAMABAD **CONTAINING DEROGATORY MATERIAL ABOUT ONE MUSLIM SECT.**

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! میری تحریک التوا کا متن یہ ہے۔ "ملک میں شیعہ سنی فسادات برپا کرنے کے لئے ایک گمنام تنظیم "مجاہدین رسالت" کی طرف سے بعض سخت قابل اعتراض پوسٹرز راولپنڈی اسلام آباد اور کراچی میں لگائے گئے ہیں جن میں شیعہ مکتب فکر کو کافر قرار دیتے ہوئے انہیں غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے اکثریتی فرقہ کے لوگوں کو یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ان سے ہر قسم کا تعلق ختم کر لیں، کراچی میں اسی مضمون کا ایک ہینڈ بل بھی تقسیم کیا گیا ہے اور بعض دیوبندی اور بریلوی علماء نے متفقہ فتوے کا حوالہ دیتے ہوئے شیعہ مسلمانوں کو مرتد اور دائرہ اسلام سے خارج ٹھہرایا گیا ہے۔ یہ پوسٹرز کئی دنوں سے دیواروں پر چسپاں ہیں مگر انتظامیہ نے نہ تو انھیں دیواروں سے ہٹایا ہے اور نہ ہی ان کے چھاپنے والوں کے خلاف کوئی کارروائی کی ہے۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی کو روک کر اس مسئلہ پر بحث کی جائے۔"

**Mr. Chairman:** Is it being opposed?

سید قاسم شاہ : جی ہاں۔

جناب چیئرمین : مولانا صاحب مزید وضاحت فرمانا چاہیں تو فرمائیں۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! ہمارے ملک میں سالہا سال کے مارشل لاء نے جس نام نہاد مذہبی نظام کو فروغ دیا اس کے نتیجے میں ملک sectarianism اور فرقہ واریت کی گرفت میں ہے اور جو آویزش مسلمانوں کے درمیان معمولی معمولی باتوں پر اس دور میں پیدا ہوئی ہے وہ کسی دور میں دیکھنے میں نہیں آئی۔ اب حالت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ شیعہ مکتب فکر جو مسلمانوں کا ایک اہم مکتب فکر ہے، اس کے بارے میں اس طرح کے نازیبا پوسٹرز جگہ جگہ لگائے گئے جن کی وجہ سے امن عامہ میں واضح طور پر خلل پڑتا ہے اور کوئی بھی جنونی آدمی ان سے متاثر ہو کر کوئی بھی اقدام کر گزر سکتا ہے۔ لیکن جب میں نے یہ نوٹس دیا تھا اس کے کئی دن بعد تک

[Maulana Kausar Niazi]

میں نے خود دیکھا کہ وہ پوسٹرز بدستور لگے ہوئے تھے اور انہیں ہٹایا نہیں گیا تھا حالانکہ اس کے برعکس حکومت کے خلاف اگر کوئی پوسٹرز لگایا جائے تو ہماری سرکاری مشینری اتنی چابک دست واقع ہوئی ہے کہ وہ فوراً دیواروں سے ان پوسٹروں کو اکھاڑ دیتی ہے' یہ ایسی صورت حال ہے کہ جس میں حکومت کو واضح طور پر کوئی اقدام کرنا چاہئے تھا' ان تنظیموں کے خلاف' جنھوں نے یہ پوسٹرز چھاپے تھے' ان کے خلاف انکوائری ہوتی' ان پر مقدمہ چلایا جاتا' ان کو قرار واقعی سزا دی جاتی تاکہ آئندہ اس کا سدباب ہو لیکن تاحال اس طرح کا کوئی اقدام ناشرین کے خلاف جنہوں نے یہ پوسٹرز شائع کئے ہیں' نہیں اٹھایا گیا اس کی وجہ سے ملک کے اندر اس مکتبہ فکر کے مسلمانوں میں بددلی پائی جاتی ہے اور یہ مسئلہ ایسا ہے کہ ایوان میں اس پر غور ہونا چاہئے کہ فرقہ واریت کیوں پیدا ہو رہی ہے اور فرقہ واریت کو ختم کرنے کے لئے کیا کیا اقدامات ہونے چاہئیں۔

سید قاسم شاہ : جناب والا ! اس قسم کی پوسٹربازی کا انسداد اور دیواروں پر سے ان کا ہٹانا نیز امن وامان کو قائم رکھنا صوبائی حکومتوں کا کام ہے۔ لیکن جیسا کہ معزز رکن نے فرمایا ہے کہ یہ ایک گمنام تنظیم "مجاہدین رسالت" نے کارروائی کی ہے اس کا پتہ لگانا بھی صوبائی انتظامیہ کا معاملہ ہے لیکن وفاقی حکومت نے فرقوں کے درمیان گروہی اختلافات کو کم کرنے کی خاطر جناب اقبال احمد خان صاحب کی سربراہی میں مرکزی سطح پر ایک قومی یکجہتی کمیٹی قائم کی ہے جس میں چار وفاقی وزراء اور قومی اسمبلی کے ممبران اور علمائے کرام شامل ہیں' پچھلے ڈیڑھ سال سے اس ضمن میں انہوں نے کافی کوشش کی ہے اور خاص کر مسلمانوں کے اندر ان مسلکی اختلافات کو ختم کرنے کے لئے انہوں نے بیرون ملک' سعودی عرب اور مصر کا بھی دورہ کیا ہے۔ وزارت مذہبی امور بھی وقتاً فوقتاً مختلف کانفرنسیں منعقد کرتی رہتی ہے جن میں ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو مدعو کیا جاتا ہے اس کا مقصد بھی یہی ہے کہ مختلف فرقوں کے درمیان زیادہ سے زیادہ ہم آہنگی کے مواقع فراہم کئے جاسکیں۔

علاوہ ازیں میں یہ بات بھی واضح کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ شیعہ' سنی فرقوں میں سے کوئی فرقہ بھی یہ نہیں چاہتا کہ ملک میں ایسے حالات پیدا ہوں جن سے دونوں فرقوں کے درمیان اختلافات کو ہوا ملے' البتہ کچھ عناصر درپردہ ایسی کارروائیوں میں مصروف رہتے ہیں تاکہ بھائی کو بھائی سے لڑایا جائے اور ملک میں بے چینی کی فضا پیدا کی جائے جیسا کہ معزز سینٹر صاحب نے اپنی

تحریک میں بتایا ہے کہ یہ شرانگیز پوسٹرز ایک گمنام تنظیم کی طرف سے لگائے گئے ہیں جس سے ظاہر ہے کہ ان پوشیدہ عناصر کے کیا مقاصد ہیں' البتہ میں حکومت کی طرف سے یقین دلاتا ہوں کہ متعلقہ صوبائی حکومتوں کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ ان پوسٹروں کو بھی ہٹایا جائے اور جنہوں نے یہ پوسٹرز چھاپے ہیں ان کے خلاف اور جس تنظیم نے ایسا کام کیا ہے' اس کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے۔

جناب چیئرمین: صوبوں کے علاوہ اسلام آباد دارلحکومت کے علاقہ میں بھی تحریک یہی ہے کہ یہاں پر بھی یہی پوسٹرز لگائے گئے تھے۔

مولانا کوثر نیازی: یہ فیڈرل گورنمنٹ کا کام ہے۔

سید قاسم شاہ: جیسا میں نے کہا ہے کہ انہوں نے یہ کہا تھا کہ کچھ دن پہلے' لیکن میرے خیال میں حکومت کی طرف سے یہ ہدایات جاری ہو چکی ہیں اور اب میرے خیال میں مولانا صاحب کو یہ پوسٹر نہیں دکھائی دیں گے۔

مولانا کوثر نیازی: آپ نے یہ ہدایات کب جاری کی ہیں؟

سید قاسم شاہ: مجھے تاریخ ٹھیک سے یاد نہیں لیکن میں آپ سے پوچھتا ہوں۔ کیوں کہ آپ اسلام آباد میں رہتے ہیں آج کل میرے خیال میں آپ کو پوسٹرز نظر نہیں آئیں گے۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! میں نے یہ تحریک گذشتہ سیشن کے لئے پیش کی تھی جو نہیں آ سکی تھی پھر دوبارہ ۱۶ فروری کو میں نے اس کا نوٹس دیا غالباً میں نے یہ تحریک دسمبر میں پیش کی تھی دسمبر سے لے کر اب تک ۴ ماہ گزر گئے' فیڈرل کیپٹل جو سنٹرل گورنمنٹ کا ایریا ہے اور جس کے اندر امن عامہ برقرار رکھنا مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے اس کے بارے میں شاہ صاحب نے کوئی بات نہیں فرمائی' اگر انہوں نے صوبائی حکومتوں کو ہدایات جاری کر دی ہیں تو بڑی اچھی بات ہے لیکن ذرا مرکزی حکومت میں وزیر داخلہ صاحب کو بھی کہیں کہ وہ بھی ذرا حرکت میں آئیں' بہرحال انہوں نے کہا کہ کارروائی کے لئے انہوں نے کچھ اقدام کیا ہے' اس کے پیش نظر میں اپنی تحریک پر زور نہیں دیتا۔

جناب چیئرمین: وزیر داخلہ بھی حرکت میں آ رہے ہیں۔

جناب محمد اسلم خان خٹک: جناب والا! میں مولانا صاحب کا ........ (مداخلت)

[Mr. Chairman]

۱۰

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس کو طول دینے کی ضرورت نہیں ہے، مولانا صاحب خود بھی اس پر اصرار نہیں کرتے وہ "رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت" پوسٹرز نیک نیتی سے نہیں بلکہ بد نیتی سے in order to create a rift between Shia and Sunni لگائے گئے تھے لیکن کوئی adverse reactions خدا کا افضل ہوا، اس سے ظاہر نہیں ہوا۔

جناب محمد اسلم خان خٹک : جناب مجھے چند باتیں گزارش کرنے دیں اور وہ یہ ہیں کہ میں نے کبھی مارشل لاء کو ڈی فنڈ نہیں کیا لیکن مولانا صاحب کا جو ریفرنس ہے کہ مارشل لاء کے زمانے میں یہ یا ethnic religious difference کو فروغ ملا ہے میرے خیال میں جناب والا! اگر مولانا صاحب اس پر ذرا انصاف کی نظر سے دیکھیں، آپ یہ بتائیں جناب میرے پاس روز شکایت آتی ہے کہ یہ مسجد فلاں جماعت نے پکڑلی ہے اور خدا کے لئے پولیس بھیجو ورنہ وہاں لڑائی شروع ہو جائے گی، یہ مسجد فلاں جماعت نے پکڑلی ہے وہاں لڑائی ہو گی، آخر علمائے کرام سے میں عرض کرتا ہوں کہ یہ چیز جو ہے کہ اسلام میں فرقہ ڈالنا، ایک دوسرے کو کافر کہنا، ایک دوسرے پر تہمتیں باندھنا، یہ تو علماء کا کام ہے کہ یہ نہ کریں، یعنی یہ کہنا کہ یہ جرم مارشل لاء نے کیا ہے، میں مارشل لاء کو ڈی فنڈ نہیں کرتا، موجودہ حکومت کے زمانے میں جس سختی کے ساتھ ہم اس کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں، میرے خیال میں مولانا صاحب کو اس کی داد دینی چاہئے اور جس وقت ہمارے نوٹس میں یہ لایا گیا کہ اسلام آباد کے ایریا میں پوسٹرز شائع ہوئے ہیں، اسی وقت پولیس کو حکم دیا گیا کہ ان پوسٹروں کو فوراً ہٹایا جائے اور اس کے پیچھے کون ہے، اس کا سراغ لگایا جائے تاکہ اس کے خلاف ہم اقدامات کر سکیں۔ شکریہ!

جناب چیئرمین : شکریہ! تحریک پریس نہیں کی گئی، نمبر تین، مولانا کوثر نیازی صاحب میرے خیال میں کسی سٹیج پر یہ فیصلہ بھی کرنا پڑے گا کہ ایک صاحب کے نام پر ایک دن میں کتنی تحاریک التوا آ سکتی ہیں، جس کرانولوجیکل آرڈر میں نوٹس دیئے جاتے ہیں، ہم اسی طریقے پر درج کر لیتے ہیں لیکن آپ حضرات کو کسی سٹیج پر یہ فیصلہ کرنا پڑے گا، اب تو خیر مولانا صاحب اپنی تحریک پیش کر دیں۔

## (iii) *RE* : ADVANCEMENT OF LOANS BY THE NATIONAL BANKS

مولانا کوثر نیازی: روزنامہ "جنگ" لاہور کی ایک خبر کے مطابق پاکستان کے بعض با اثر افراد کے ذمے اس وقت تیس ارب روپے کے قرضے واجب الادا ہیں اور ابھی حال ہی میں اس سلسلے میں بنکنگ کونسل نے بنکوں سے کوائف طلب کئے ہیں جنہیں بنک حکام صیغہ راز میں رکھ رہے ہیں اس سلسلے میں وزارت قانون اور وزارت خزانہ کے مابین کوئی قانونی کارروائی کرنے یا نہ کرنے پر بھی مشورے جاری ہیں۔ یہ مسئلہ قومی اہمیت کا حامل ہے۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر اسے زیر غور لایا جائے۔

جناب چیئرمین: کیا اس کی مخالفت کی جا رہی ہے حکومت کی طرف سے ؟ اس کا والی وارث کون ہے۔

مولانا کوثر نیازی: شاید ڈاکٹر محبوب الحق صاحب ہوں۔

جناب چیئرمین: وہ تو اس پوزیشن میں نہیں ہیں۔

Mr. Wasim Sajjad, who is looking after this particular adjournment motion? The Minister concerned is not present. Shall we postpone it to some other day?

اگر مولانا صاحب کو اعتراض نہیں تو کسی اور دن پر ملتوی کر دیتے ہیں جب وہ موجود ہوں تو لے لیں گے۔

مولانا کوثر نیازی: جب تک ڈاکٹر صاحب حلف نہیں اٹھا لیتے اس وقت تک اسے ملتوی کر دیں۔

جناب چیئرمین: پتہ نہیں پھر بھی ان کی وہ ذمہ داری بنتی ہے یا نہیں بنتی، اگلی تحریک بھی مولانا کوثر نیازی کے نام ہے اور یہ نمبر ۴ ہے۔

## (iv) *RE* : DILAPIDATED CONDITION OF 'IQBAL MANZIL' AT SIALKOT

مولانا کوثر نیازی: روزنامہ "پاکستان ٹائمز" کے نمائندہ متعین سیالکوٹ نے اطلاع دی ہے کہ سیالکوٹ میں وہ مکان جو "اقبال منزل" کے نام سے موسوم ہے اور جس میں علامہ اقبالؒ مرحوم کی پیدائش ہوئی تھی، سخت مخدوش حالت میں ہے عمارت میں دراڑیں پڑ گئی

ہیں اس کا سبب یہ بتایا گیا ہے کہ آج سے ساٹھ سال پہلے ٹیوب ویل سے پانی سپلائی کرنے کی جو زیر زمین لائن بچھائی گئی تھی اس میں جگہ جگہ لیکیج ہو گئی ہے جس کی وجہ سے "اقبال منزل" کو نقصان پہنچ رہا ہے لوگوں نے خوف کے مارے اس میں قائم شدہ ریڈنگ روم اور لائبریری میں جانا بھی چھوڑ دیا ہے۔ یہ صورت حال قومی نقطہ نظر سے افسوس ناک ہے۔ لہٰذا میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر اس مسئلے پر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: جناب وزیر داخلہ صاحب۔

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak:** I fully appreciate Maulana Sahib's worries about 'Iqbal Manzil'.

**Mr. Chairman:** If you are opposing it then I will request him to explain it further.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak:** Yes Sir, I am opposing it.

جناب چیئرمین: مولانا صاحب! آپ مزید اس کی تشریح کرنا چاہتے ہیں؟

مولانا کوثر نیازی: سبجیکٹ واضح ہے۔

جناب چیئرمین: اچھا، جناب محمد اسلم خٹک صاحب آپ فرمایئے۔ جن وجوہ کی بنا پر آپ مخالفت کرتے ہیں۔

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak:** Sir, I entirely agree with Maulana Sahib that Allama Iqbal's house should be given the protection which it deserves but Maulana Sahib certainly does not know that the Department of Archaeology and Museums purchased this building. Actually this is not the building where the Allama was born. That building was demolished by his elder brother and a new building was constructed which is 'Iqbal Manzil' but inspite of that the government has purchased the building at a cost of Rs. 125 thousand and the government has been spending money on it. The water level has risen and the government has earmarked fifty thousand rupees for this purpose to see that no damage is done to the house and I assure Maulana Sahib that we are fully aware of the problem that is confronting this particular building but if these buildings are going to be protected and they should be protected but Sir, there are other buildings also in other provinces where very illustrious poets and very illustrious men like great Allama are burried. So, it would become

almost impossible for the government to lookafter all these buildings and all these places. However, in the case of Allma Iqbal I assure him that the steps are being taken.

جناب چیئرمین : جناب مولانا صاحب۔

مولانا کوثر نیازی: میں اب اس پر کیا عرض کروں جو خٹک صاحب نے کہا وہ "نیمے دروں نیمے بروں" والی بات ہے۔ ہو بھی سکتا ہے نہیں بھی ہو سکتا۔ ہو بھی رہا ہے نہیں بھی ہو رہا۔ اقبال منزل ہے بھی اور نہیں بھی۔ اگر اقبال منزل نہیں تھی تو حکومت نے اسے خریدا کیوں؟ ظاہر ہے علامہ اقبال سے اس کا تعلق تھا۔ کوئی شک نہیں کہ اور بہت سی شخصیتیں بھی پاکستان میں اہم ہیں لیکن اقبال ایک unique حیثیت رکھتے ہیں۔ میں نہیں سمجھتا کہ خٹک صاحب کا مفہوم یہ ہو کہ ان جیسے لوگ اور ان کی برابری اور ان کی سطح کے لوگ پاکستان نے آج تک دیکھے ہوں۔ میں خٹک صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ اس مسئلے میں ذاتی دلچسپی لیں اور اس صورت حال کا تدارک کریں۔ میری نہ صرف اخبار کے ذریعے سے بلکہ سیالکوٹ کے بعض ادیبوں اور شاعروں کے مراسلوں کے ذریعے سے بھی اقبال منزل کی اس مخدوش صورت حال کی طرف توجہ دلائی گئی ہے لیکن چونکہ خٹک صاحب کی باتوں کا مجھے احترام ہے اور یقین ہے اس لئے میں ان کی یقین دہانی کو قبول کرتا ہوں اور فی الوقت میں اپنی تحریک پر اصرار نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! ناٹ پرسیڈ ۔ پانچ منٹ اور بھی ہیں اور پانچویں ایڈجرمنٹ موشن بھی مولانا صاحب کے نام پر ہے۔

**Mr. Javed Jabbar:** Point of order Sir. Surely when you constitute the Orders of the Day you can be a little more thoughtful for some of the other motions which we have submitted, I mean do you want him to perform a double hat-trick ? He has already done three.......five.

**Mr. Chairman:** We have a rule which compells me to follow these motions in a chronological order, in the order in which their notices are received. I cannot help it but I brought it to your notice.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب چیئرمین ! میں نے کئی تحاریک التوا بھیجی تھیں اور آپ نے انہیں واپس کر دیا ہے اور عین ٹائم پر آپ کے عملہ نے اطلاع دی ہے کہ میں ان پر دوبارہ دستخط کروں۔ کہاں بلوچستان اور کہاں اسلام آباد۔ میری تحریکیں اسی طرح مسترد ہوتی رہیں تو پھر ایک ہی.....................

جناب چیئرمین: اس میں بھی جو پرابلم تھا وہ یہ تھا کہ تھوک کے حساب سے آپ نے بھیج دیں اور ایک ہی نوٹس دیا کہ ان سب کو revive کیا جائے۔ کوئی قانون ایسا نہیں ہے کہ ان سب کو revive کیا جائے۔ جی جناب مولانا نیازی صاحب۔

## (v) *RE* : REFUSAL OF GOVERNMENT TO RELEASE MUSTAFA KHAR ON PAROLE

مولانا کوثر نیازی: میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی ایک حالیہ اہم قومی نوعیت کے واقعہ پر بحث کرنے کے لئے ملتوی کر دی جائے۔ ملک غلام مصطفیٰ کھر، جو پنجاب کے گورنر اور وزیر اعلیٰ بھی رہ چکے ہیں اور اس وقت بھی نیشنل پیپلز پارٹی کے ایک اہم قومی رہنما ہیں، اس وقت مارشل لاء کے تحت سزا بھگت رہے ہیں۔ ان کی والدہ کا انتقال جمعہ کے دن ہوا مگر حکومت نے انہیں پیرول پر رہا کر کے اپنی ماں کے جنازنے میں بھی شامل ہونے نہیں دیا۔ حکومت کا یہ طرز عمل جہاں اسلامی احکام کے منافی ہے وہاں عام قانون کے بھی خلاف ہے کیونکہ قانون کے تحت ایسے مواقع پر قاتلوں کو بھی پیرول پر رہا کر دیا جاتا ہے ضروری ہے کہ سینٹ اس واقعہ کا نوٹس لے اور اس پر بحث کی جائے تاکہ آئندہ اس طرح کے غیر اسلامی اور غیر انسانی واقعات کا سدباب کیا جا سکے۔

**Mr. Chairman:** Is it being opposed?

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak:** Opposed.

جناب چیئرمین: مولانا صاحب! آپ مزید کچھ کہیں گے؟

مولانا کوثر نیازی: جواب دے دیں۔

جناب محمد اسلم خان خٹک: جناب والا! میں مولانا صاحب کو assure کرتا ہوں کہ جس طرح غلام مصطفیٰ کھر ان کے دوست ہیں بالکل اسی طرح وہ میرے بھی دوست رہے ہیں۔

Now, the actual fact is as intimated to us by the Punjab government that Mr. Ghulam Mustafa Khar was allowed on parole to go and attend the funeral of his mother but he refused to avail of this opportunity and insisted that he wanted to stay at Khar's Gharbi till the 'Soyem' was held. Therefore, Mr. Khar himself did not avail of the offer made by the government. The 'Soyem' of the mother of Mr. Khar was held after eight days that is on 30th January, 1987 and Mr. Khar was released on parole to attend the 'Soyem' on the same day. In view of this I hope that the honourable Senator would not press it and at the same time Mr. Ghulam Mustafa Khar is reported to be not well and the

government has constituted a special board of doctors to examine him and report on it.

**Mr. Chairman:** At this stage we are not concerned with the facts of the case, we are only considering the admissibility of the case and if this is our stand that it is a provincial affair and it was for the provincial government to release him on parole etc. then it would place this motion out of the purview of the adjournment motions with which this House is concerned.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak:** Sir, it was only in deference to the honourable House that I wanted to inform them. I could have taken this plea but I wanted to inform the House of the facts otherwise it is a provincial subject.

جناب چیئرمین: تو مولانا صاحب اس کی روشنی میں آپ شاید اس پر اصرار نہیں کریں گے۔

مولانا کوثر نیازی: جی میں اس پر اصرار کرتا ہوں۔

**Mr. Chairman :** اچھا، Ruled out as a provincial affair. This brings us to the end of half an hour earmarked for adjournment motions.

THE FRONTIER CORPS (AMENDMENT) BILL, 1987

**Mr. Chairman:** Now, we come to the legislative business. Item No. 3, consideration of the bill further to amend the Frontier Corps Ordinance, 1959 to be called the Frontier Corps (Amendment) Bill, 1987––as reported by the Standing Committee.

In the last session we had reached at the stage of second reading and before the session was prorogued we had requested that if there are any amendments they should be filed and I had also indicated what to me appeared to be wrong actually with the bill in the form in which it was presented or it came from the standing committee. Now shall we take up the second reading or would you like to defer for some further consideration.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak:** I would like to defer it.

**Mr. Chairman:** In the meantime are there any other amendments also?

**Mr. Javed Jabbar:** Yes Sir, I would like to file some amendments.

**Mr. Chairman:** But then this may be the last occasion in which amendments have to be filed.

**Mr. Javed Jabbar:** Right Sir. Thank you.

**Prof. Khurshid Ahmad:** In how many days, Sir.

**Mr. Chairman:** Two days, I think again by Sunday, the amendments should come. In regard to item 4, I think once again I would like to draw the attention to what happened at the previous session as far as this particular Bill (The Frontier Corps Amendment Bill, 1987) is concerned.

I have the proceedings before me and I had stated that :

> "We start with the second reading of the bill. Ordinarily I think, members should be given an opportunity to file amendments and we will take up the second reading at the next sitting".

That was one thing. Then I had also pointed out that :

> "taking rather undue advantage of my position sitting here, I may point out that there is one provision in the Bill which probably would cause a lot of difficulty and which probably in the modern context would not be acceptable, *i.e.*—in the first part where you introduce whipping, whipping as a part of the Hadudd Ordinance is there but the first amendment in section 8 where you are introducing whipping also probably would not be desirable and there would be amendments to this effect as far as I can see if the House is fully cognizant of what is happening."

On that occasion the Minister for Justice and Parliamentary Affairs had said that he would look into this and they would bring an amendment. So, the government or somebody else can bring an amendment on this issue but let us dispose it of one way or the other. If you do not want to bring any amendment, I have no quarrel with that either.

**Mr. Javed Jabbar:** I have filed an amendment to that very effect.

**Mr. Chairman:** So, we will take it up at the next sitting and by that time all the amendments should come.

Then we take up item 5 relating to the amendment in the Unani, Ayurvedic and Homoeopathic Practitioners Act, 1965 as reported by the Standing Committee. This was also at the second reading and amendments, if any, had to be filed in respect of this also. If the members have not done that and they would like to have some more time, we can postpone that also. What is the position? The Bill is fairly innocuous otherwise.

**Mr. Javed Jabbar:** Sir, I have proposed an amendment to section 24 clause 2 of the Bill. I want a clarification whether the government wishes to leave it even now to the discretion of the practitioner who has qualified because if you notice in the original Act it says :

> "Every person who passes the qualifying examination may apply for registration".

My point is that if the purpose of the Act is to improve the quality of the regulation then should the word 'may' not be substituted by the word 'shall' because one is still leaving it to the discretion of the individual practitioner by not making it mandatory whereas the very title of this Act suggests that the purpose of this Act was to make it mandatory.

**Mr. Chairman:** I am afraid, the Minister concerned is not here and perhaps nobody in the government has done his home work as

[Mr. Chairman]

for as these two Bills are concerned. I am sorry to say that but I think this appears to be the position because of the pre-occupation of the Ministers otherwise. I am aware of that also.

**Mr. Wasim Sajjad:** Yes, Sir, that was the position.

**Mr. Javed Jabbar:** We are also pre-occupied Mr. Chairman.

**Mr. Chairman:** I know but these are relatively simple Bills. I think we would take them up at the next opportunity and in the meantime you can file whatever amendments you may have in your mind. So, both these Bills are postponed to the next official day.

## THE DRAFT RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE SENATE, 1986

**Mr. Chairman:** Then, we come to the Draft Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1986. The motion which is in the name of Mr. Wasim Sajjad I think has already been moved. In the previous session we had decided that amendments proposed to the Draft Rules would be taken into consideration at today's sitting. There is no specific procedure provided for this and I think we have to evolve a procedure of our own. Since these Rules have been examined already quite thoroughly in two committees at least and all the members must have read it by now. I think it will be much simpler if we take them up chapter by chapter and discuss only those clauses to which amendments have been suggested. The rest proforma we will go over them and adopt them where we find that nobody has proposed any amendment. If this procedure is acceptable then we can start with that.

**Mr. Sartaj Aziz:** Point of order.

**Mr. Chairman:** Yes please.

**Mr. Sartaj Aziz:** Mr. Chairman, I have three suggestions to make.

**Mr. Chairman:** I am sorry. I am told that the motion was not formally moved. I had the impression that it was formally moved. If that is not the position, in that case the Minister for Justice may kindly move the motion formally.

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, I move.

**"That Draft Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1986, be taken into consideration at once".**

**Mr. Chairman:** The motion moved is :

**"That Draft Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1986, be taken into consideration at once".**

**Mr. Javed Jabbar:** Sir, instead of 1986, should it not be 1987?

**Mr. Chairman:** That is part of the amendments which are coming. But the draft which is before you, it says on its title page 1986.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** The Draft Rules were distributed in the last session and I do not have a copy with me now.

**Mr. Chairman:** They were prepared in December, 1985. You can have another copy. No problem. Take mine if you wish.

**Mr. Sartaj Aziz:** Sir, I have got three suggestions before I go to the first chapter. We have before us a list of all the amendments that have been proposed so far. There is one point which I would like to bring to your attention in this connection.

On the 19th of January, 1987, the Minister for Justice moved certain amendments on the question of the President's Address in Chapter VI, Rule 29 to Rule 37. The Senate decided to refer that to the Committee on Privileges and Rules of Procedure. The Committee on 12th February, 1987, examined those Rules and submited an amendment which was based on the original draft. That amendment suggested that this might be taken into consideration as a substitute for

[Mr. Sartaj Aziz]

the Rules proposed by the Justice Minister. I notice that these have not been circulated with the amendments and I propose that the report of the Privilege Committee should be annexed with these amendments so that when we come to that particular Rule, these amendments can also be taken into consideration. Secondly Sir, we have before us these Rules and the amendments as proposed so far. These Rules are based on the report of the Special Committee and as far as the Rules themselves are concerned they are now incorporated and be taken on the basis of the Draft Rules before us. But there are two additional points in the report of the Sub-Committee which I would like to bring to your attention at this stage and suggest that after we have adopted the Rules we should take those two suggestions into consideration. One of them pertains to the question of the provision of staff for various committees.

**Mr. Chairman:** Why not cross the bridge when we come to

**Mr. Sartaj Aziz:** I want to make sure that they are...........

**Mr. Chairman:** Somehow they will be taken into account but let us cross the bridge when we come to it. In the meantime would you like me to proceed or would you move that?

**Mr. Sartaj Aziz:** We can proceed chapter-wise and I will point-out if there are any amendments in that particular Rule............

**Mr. Chairman:** All right. We take up Chapter 1 which deals with definitions. There are only two amendments before me. One is ;

"that in Rule 1, in sub-rule (1) for the figure "1986", the figure "1987" be substituted".

Is there any objection?

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman:** As there is no objection the motion is adopted.

Rule 2. There is one amendment suggested by Mr. Hasan A. Shaikh. He may kindly move it or I can read that out. To save time what Mr. Hasan A. Shaikh is suggesting:

"That in Rule 2, in sub-rule (1) between the definitions "amendment" and "Assembly," the following new definition be inserted, namely :—

"Article" means Article of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan".

**Mr. Sartaj Aziz:** No objection.

